# امام کے بلا ضرورت سجدہ سہو کے بعد شامل ہونے والے کی نماز کا حکم

**مجیب:** مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3743

**تاریخ اجراء:** 23 شوال المکرم 1446ھ / 22 اپریل 2025ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

امام نے بغیر ضرورت سجدہ سہو کیا تو اس بغیر ضرورت سجدہ سہو کے بعد جماعت میں شامل ہونے والے مقتدی کی اقتداء درست ہوگی؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

سجدہ سہو واجب نہ ہونے کے باوجود بلا ضرورت امام سجدہ سہو کرے تو جو مقتدی امام کے سجدہ سہو کے لیے سلام پھیرنے کے بعد جماعت میں شریک ہوئے ان کی نماز نہیں ہوگی، اس لئے کہ جب سجدہ سہو واجب نہ تھا تو داہنی جانب سلام پھیرتے ہی امام نماز سے باہر ہو گیا تو اس کے بعد شامل ہونے والے مقتدیوں کو امام کی نماز کے کسی جزء میں شرکت نہ ملی لہذا ان کی اقتداء بھی درست نہ ہوئی۔

امامِ اہلسنت شاہ احمد رضا خان علیہ الرحمۃ اسی طرح کے سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں: "امام و مقتدیانِ سابق کی نماز ہو گئی جو مقتدی اس سجدہ سہو میں جانے کے بعد ملے ان کی نماز نہیں ہوئی کہ جب واقع میں سہو نہ تھا دہنا سلام کہ امام نے پھیرا ختمِ نماز کا موجب ہوا یہ سجدہ بلا سبب لغو تھا تو اس سے تحریمہ نماز کی طرف عود نہ ہوا اور مقتدیان مابعد کو کسی جزء امام میں شرکت امام نہ ملی لہذا ان کی نماز نہ ہوئی۔۔۔ رد المحتار میں ہے: اذا سجد وقع لغوا فکانہ لم یسجد فلم یعد الی حرمۃ الصلوۃ" (اس نے سجدہ کیا تو یہ لغو ہو گا گویا اس نے سجدہ سہو کیا ہی نہیں، لہذا وہ حرمت نماز کی طرف نہیں لوٹا۔) (فتاوی رضویہ ج 8، ص 185، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

**نوٹ:** خیال رہے کہ! بے حاجت (یعنی سجدہ سہو واجب ہوئے بغیر) سجدہ سہو کرنا نماز میں زیادتی اور ممنوع ہے مگر نماز ہو جائے گی، ہاں! اگر یہ امام تھا تو جو مقتدی مسبوق تھا، وہ اگر اس سجدہ سہو میں شریک ہوا تو اس کی نماز جاتی رہے گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "بے حاجت سجدہ سہو نماز میں زیادت اور ممنوع ہے مگر نماز ہو جائے گی۔ ہاں اگر یہ

امام ہے تو جو مقتدی مسبوق تھا یعنی بعض رکعات اس نے نہیں پائی تھیں وہ اگر اس سجدہ بے حاجت میں اسکا شریک ہوا تو اس کی نماز جاتی رہے گی لانہ اقتدی فی محل الانفراد (کیونکہ اس نے محل انفراد میں اقتدا کی۔)" (فتاوی رضویہ، ج6، ص328، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net